رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: تیسرا | مضمون: العقیدۃ

تاریخ: 14-02-2024 | دن: بدھ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: "فانما یکون حجۃ علی الحنابلۃ لا علینا لانا قائلون بحدوث النظم" غرض بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: علم کلام کی بنیاد کس پر ہے؟

سوال نمبر 3: خبر متواتر کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 4: معتزلہ خود کو اصحاب عدل والتوحید کیوں کہتے ہیں؟

سوال نمبر 5: مخلوق کے لیے اسباب علم کے تین ہونے کی وجہ حصر تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: ذائقہ کی تعریف کیجئے اور اس کے ذریعے کن کن چیزوں کا ادراک ہوتا ہے؟

سوال نمبر 7: معجزہ کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 8: "وھو الجزء الذی لا یتجزی ولم یقل وھو الجوھر" غرض واضح کیجئے۔

سوال نمبر 9: فرقہ مجسمہ اور نصاری جسم اور جوہر کا اطلاق کس پر کرتے ہیں؟

سوال نمبر 10: کیا اللہ پاک کیفیت سے متصف ہو سکتا ہے؟ واضح کیجئے۔

سوال نمبر 11: اللہ تعالیٰ پر زمانہ جاری کیوں نہیں ہوتا؟

سوال نمبر 12: اللہ تعالیٰ کے علم اور قدرت سے کوئی چیز بھی خارج کیوں نہیں ہوتی؟

سوال نمبر 13: کیا اللہ تعالیٰ کا کلام حروف اور آواز سے متصف ہو سکتا ہے؟ نہیں! تو وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: زمانے کے تغیر سے اللہ پاک کی کوئی صفت بھی بدلتی ہے؟ وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: رویت باری تعالیٰ کے ثبوت پر کتنے صحابہ نے روایات بیان کیں؟ کوئی ایک حدیث تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: بندوں کے افعالِ اختیار کے حوالے سے جبریہ کا مؤقف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: "لا یکلف العبد بما لیس فی وسعہ" عبادت کی غرض بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: معتزلہ کے نزدیک کیا حرام بھی رزق ہے؟

سوال نمبر 19: حوض کوثر کے ثبوت پر کوئی حدیث شرح عقائد کی روشنی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: اہل کبائر مومنین کیا جہنم میں ہمیشہ رہیں گے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: برھان تمانع تفصیلاً قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 2: تعریفات کیجئے۔

(1) رسول (2) ارادہ ومشیت (3) عقل (4) تکوین (5) خبر رسول

سوال نمبر 3: اللہ تعالیٰ کی صفات سلبیہ میں سے کوئی سی 5 صفات سلبیہ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: عصمت انبیاء علیہم السلام پر ایک نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: مرتکب کبیرہ سے متعلق اہلسنت، معتزلہ اور خوارج کے مؤقف کی وضاحت کیجئے۔